# 29-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے ریاست میں پٹرولیم اور ڈیزل کی فراہمی کا جائزہ لیا اور عوام سے اپیل کی کہ سوشل میڈیا پر پھیلنے والی پٹرول اور ڈیزل کی قلت سے متعلق جھوٹی خبروں پر یقین نہ کریں۔

۲۔ سرکاری مشیر کیشو راؤ نے ایس ایس سی کے نتائج جاری کیئے۔ مجموعی کامیابی کا تناسب 95.15 فیصد رہا جبکہ ملگ ضلع پہلے نمبر پر رہا۔

۳۔ کے ٹی راما راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ریاست کے بحران کے دوران ان کے بیانات غیر ذمہ دارانہ ہیں۔

۴۔تلنگانہ حکومت نے ملازمین کے بقایا جات کی ادائیگی کے لئے 1000 کروڑ روپے جاری کیئے۔فینانس سیکرٹری سندیپ کمار سلطانیہ نے اس حوالے سے احکامات جاری کیئے۔

KTR:

کلوا کرتی لیڈرس کی بی آر ایس میں شمولیت کی تقریب کے دوران پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ انہوں نے عوامی تنقیدوں کے تعلق سے مایوس کن بیانات دئے ہیں۔ کے ٹی آر نے کہا کہ یہ بات کسی بھی سی ایم کیلئے باعث شرم ہے کہ عوام کی پریشانی کے دوران وہ لطف اندوز ہوتے رہے ہیں۔ کے ٹی آر نے کہا کہ کانگریس حکومت کے دوران گروکل کے 140 طلبہ فوت ہو گئے۔ برقی سربراہی میں خلل دوبارہ شروع ہو گیا اور رعیّتو بندھو کے تحت رقم کی ادائیگی تعطل کا شکار ہے۔ کے ٹی آر نے مزید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ حکومت فصلوں کو خریدنے میں ناکام رہی جس کی بنا پر اناج بارش میں بھیگ گیا۔

انھوں نے یہ بات بھی نوٹ کی کہ فیس باز ادائیگی سے متعلق ہائی کورٹ کے حکم پر طلبہ کا مستقبل تاریک ہوگیا ہے۔ کے ٹی آر نے مزید کہا کہ خود کو ایک تبدیلی والا شخص ہونے کا دعویٰ کرنے کے باوجود ریونت ریڈی کسانوں اور طلبہ کیلئے کچھ نہیں کر پائے۔

SSC RESULTS:

تلنگانہ کے ایس ایس سی نتائج کا آج سرکاری طور پر حکومت کے مشیر کیشو راؤ اور محکمہ تعلیمات کے عہدیداروں کی جانب سے اعلان کیا گیا۔ نتائج 95.15 فیصد کے ساتھ متاثر کن رہے جبکہ 5.28 لاکھ امیدواروں کے منجملہ جنہوں نے مارچ اور اپریل میں امتحان لکھا تھا، تقریباً 4.17 لاکھ طلبہ کامیاب ہوئے اور لڑکیوں نے 96.26 فیصد کے ساتھ لڑکوں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ لڑکوں کی کامیابی کا تناسب 94.07 فیصد رہا۔ ضلع ملگو، 99.30 فیصد کے ساتھ پہلے مقام پر رہا جبکہ حیدرآباد کو 89.23 فیصد کے ساتھ سب سے آخری مقام ملا۔ 5 ہزار 731 اسکولوں کا نتیجہ صد فیصد رہا وہیں 6 خانگی اسکول ایسے رہے جن کا نتیجہ صفر رہا۔ اس مرتبہ محکمہ تعلیم نے سرکاری ویب سائٹ کے علاوہ پہلی مرتبہ نتائج آسانی سے دیکھنے کیلئے می سیوا تلنگانہ نمبر 8096958096 کے ذریعہ واٹس ایپ سرویس شروع کی۔ عہدیداروں نے کامیاب طلبہ کو مبارکباد دی اور ناکام طلبہ کو کسی بھی طرح کے انتہائی اقدام کے بجائے مجوزہ سپلیمنٹری امتحان پر توجہ دینے کیلئے حوصلہ افزائی کی۔

PONNAM:

وزیر پونم پربھاکر نے اکنا پیٹ، سدی پیٹ ضلع میں کانگریس کے ورکرس کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی اور ٹھوس حکمرانی کے علاوہ پارٹی کو مستحکم بنانے پر زور دیا۔ انھوں نے ہر موضع میں پانچ رکنی کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت دی تا کہ اناج کی خریدی پر نظر رکھی جا سکے اور پینے کے پانی

کی بہتر سربراہی کے علاوہ بڑی باٹا پروگرام کے تحت سرکاری اسکولوں میں داخلوں کو بہتر بنایا جاسکے۔انہوں نے سڑکوں کیلئے 14 کروڑ روپے خرچ کئے جانے کا ذکر کرتے ہوئے کیڈر پر زور دیا کہ ووٹرلسٹ سے چھیڑ چھاڑ کو روکا جائے اورعوام میں سرکاری فلاحی اسکیمات کی تشہیر کی جائے۔

SEETHAKKA:

نظام آباد میں منعقدہ ایک پروگرام میں وزیر سیتا اکا اور ٹی پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے 140 معذورین میں اسکوٹرس اور بیٹری کی گاڑیاں اورلیاپ ٹاپس تقسیم کئے۔سیتا اکا نے کہا کہ پرجاپالنا حکومت کا مقصد معذورین کا احترام کرنا ہے جیسا کہ ریونت ریڈی حکومت نے ایک سال کیلئے 50 کروڑ روپے مختص کئے ہیں اور 2 ہزار اسکوٹرس تقسیم کئے گئے۔کارپوریشن کے چیرمین ویریانے سی ایم کو بڑا بھائی قرار دیتے ہوئے مختلف اقدامات جیسے 5 فیصد امکنہ تحفظات، 2 لاکھ شادیوں کیلئے مدد اور بچوں کیلئے کئے جانے والے پروگرام کو اجاگر کیا۔

DGP:

تلنگانہ کے ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے چینچل گوڑہ میں واقع اسٹیٹ انسٹیٹیوٹ آف اڈمنسٹریشن میں دہلی سے تعلق رکھنے والے عملہ کیلئے 9 ماہی ایک پروگرام کا افتتاح کیا۔ڈی جی پی اور تلنگانہ پریزنس ڈی جی ڈاکٹر سومیا مشرا نے کہا کہ قیدیوں کی اصلاح کیلئے اس طرح کے پروگرام اہمیت رکھتے ہیں۔اس موقع پر ڈی جی پی کی 60 ویں سالگرہ بھی منائی گئی۔

SRIDHAR BABU:

آئی ٹی اور صنعتوں کے ریاستی وزیر سریدھر بابو نے حیدرآباد کے فینانشیل ڈسٹرکٹ میں Heineken بزنس سرویس انڈیا کا افتتاح کیا جو 76 ہزار مربع گز پر مشتمل ایک نیا گلوبل سنٹر

ہے۔ Heineken دنیا کا دوسرا بڑا شراب سازی کا ادارہ ہے۔ اس مرکز سے اعلیٰ سطحی ملازمتوں کے 300 مواقع پیدا ہوں گے جبکہ عملہ میں توسیع کے ساتھ ایک ہزار 600 ملازمین کا بھی تقرر کیا جائے گا۔

BHATTI:

نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ کے احکام کے بعد ریاستی حکومت نے ملازمین کے بقایا جات کی ادائیگی کیلئے آج ایک ہزار کروڑ روپے جاری کئے۔ فینانس سکریٹری سندیپ کمار سلطانیہ نے اس سلسلہ میں احکام جاری کئے جس کے تحت ماہانہ رقم میں 700 کروڑ روپے کا اضافہ ہوگا۔ اِس فیصلہ سے تمام ریٹائرڈ ملازمین کے جی پی ایف بقایا جات اکتوبر 2025ء تک پورے ہوجائیں گے جبکہ میڈیکل بلوں اور اسکالرشپس کے تحت بھی فوری ادائیگی کو ترجیح دی جائے گی۔

WEATHER:

ہندوستانی محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) نے حیدرآباد میں تلنگانہ کیلئے آئندہ چار دن کے تحت موسم کا انتباہ جاری کرتے ہوئے ہلکی تا اوسط بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔ ناگر کرنول اور ونپرتی میں ژالہ باری ہوسکتی ہے جبکہ آج تیز ہوائیں بھی چلیں گی۔ مختلف دیگر اضلاع بشمول حیدرآباد اور نظام آباد میں بھی بوندہ باندی کے ساتھ تیز ہوائیں چلیں گی اگر چہ درجہ حرارت میں کمی کا امکان نہیں ہے۔ آئی ایم ڈی نے انتباہ دیا ہے کہ 3 مئی تک ریاست کے مختلف مقامات پر کہیں کہیں بوندہ باندی کے علاوہ بجلیاں چمکیں گی۔ موسم کے اچانک بدلنے کے سبب شہریوں سے محتاط رہنے کیلئے کہا گیا ہے۔

DEFAMATION:

اے آئی سی سی کے سکریٹری سمپت کمار نے رشوت سے متعلق جھوٹے الزامات پھیلانے پر بی آر ایس لیڈرس ہریش راؤ، کے ٹی آر اور دیگر کے خلاف نامپلی اسپیشل کورٹ میں ہتک عزت کا مقدمہ دائر کیا ہے۔ انہوں نے اِن دعوؤں کو مسترد کردیا کہ مختلف کاموں کیلئے رشوت لی تھی۔ انہوں نے بی آر ایس پارٹی کو انتباہ دیا کہ صحیح سیاست پر عمل پیرا رہے یا پھر سخت قانونی و سیاسی کارروائی کا سامنا کیا جائے۔

RAMCHHANDER:

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ این ڈی اے حکومت کا مقصد ملک کے نوجوانوں کو ملازمت فراہم کی جائے۔ ڈاکٹر شوبھا فاؤنڈیشن کی جانب سے منعقدہ ایک جاب میلہ میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ کس طرح وزیر اعظم نریندر مودی کے اسٹارٹ اَپ انڈیا، اسٹانڈ اَپ انڈیا اور مودرا یوجنا جیسے اقدامات سے نوجوانوں اور خواتین کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ اس میلہ میں کئی اہل امیدواروں کو بروقت ملازمتوں کے تقرر نامے حوالے کئے گئے۔ رام چندر راؤ نے زور دے کر کہا کہ نوجوان، اسٹارٹ اَپس کے ذریعہ اپنی صلاحیتوں میں اضافہ کریں جبکہ مرکزی حکومت پارلیمنٹ میں خواتین کے تحفظات کو نافذ کرنے کے لئے پرعزم ہے۔

NALGONDA:

نلگنڈہ کے کلکٹر چندر شیکھر نے معاشی ترقی اور ماحولیاتی توازن کیلئے مویشی پالن کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے عالمی یوم ویٹرنری تقاریب کے دوران کہا کہ پالتو جانوروں کو اپنانے کیلئے

ایک مہم چلائی جائے گی۔ لہٰذا انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ انیمل برتھ کنٹرول سنٹرس قائم کیے جائیں اور ویٹرنری ہاسپٹلوں میں بنیادی سہولتوں میں اضافہ کیا جائے۔

FACT CHECK:

حکومت نے سوشل میڈیا پر پٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کی جانب سے گشت کرنے والے اُس حکم نامہ کو جھوٹا قرار دیا ہے جس میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا ہے۔ پریس انفارمیشن بیورو کے فیاکٹ چک یونٹ نے وضاحت کی ہے کہ حکومت کی جانب سے اس طرح کا کوئی آرڈر جاری نہیں کیا گیا ہے۔ حکومت کی جانب سے شہریوں سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ کسی بھی طرح کی خبر پر بھروسہ کرنے سے پہلے بااعتماد سرکاری ذرائع سے مصدقہ طور پر اطلاعات حاصل کرلیں۔

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے عوام پر زور دیا ہے کہ ریاست میں پٹرول اور ڈیزل کی قلت کے تعلق سے افواہوں پر بھروسہ نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایندھن کا وافر مقدار میں ذخیرہ موجود ہے۔ دلکشا گیسٹ ہاؤس میں تیل کمپنیوں کے نمائندوں کے ساتھ میٹنگ کے بعد کشن ریڈی نے کہا کہ بعض اپوزیشن لیڈرس سوشل میڈیا پر غلط اطلاعات پھیلا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے عالمی سطح پر تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں س عوام کو محفوظ رکھا ہے۔ انہوں نے عوام کو مشورہ دیا کہ موسم گرما کے دوران گھروں پر ایندھن کا ذخیرہ کرنے سے باز رہیں۔ کشن ریڈی نے یہ ریاستی چیف سکریٹری اور ڈی جی پی سے بھی خواہش کی کہ آن لائن جھوٹی اطلاعات پھیلانے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

POSTER:

وزرا کونڈا سریکھا اور سریدھر بابو نے سرسوتی آنتیا پشکرالو کے سرکاری پوسٹر اور ٹیزر جاری کیئے۔ یہ پروگرام کالیشورم میں 21 مئی سے یکم جون تک منعقد ہوگا۔حکومت نے اِس سلسلہ میں 162 پروجیکٹس کے لئے 30.63 کروڑ روپے مختص کیئے ہیں۔عہدیداروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ فیسٹول کے دوران آنے والوں کو تمام تر سہولتوں کی فراہمی کیلیئے باہمی تال میل کے ساتھ کام کیا جائے۔

○○